جناب شفیق الدین فاروقی

دارالعلوم کے شب وروز

دارالعلوم کی مجلس شوریٰ کا اہم اجلاس

۱۵/ جولائی بروز اتوار ۲۰۰۷ء کو جامعہ دارالعلوم حقانیہ کا مجلس شوریٰ کا سالانہ اجلاس زیرِ صدارت حضرت مولانا عبدالحنان صاحب مدظلہ' فاضل دارالعلوم دیوبند' دارالعلوم حقانیہ کے سابقہ دارالحدیث میں منعقد ہوا۔ تلاوت قرآن مجید کے بعد نائب مہتمم حضرت مولانا انوار الحق صاحب مدظلہ نے مہمانوں کو خوش آمدید کہا اور شوریٰ کے اغراض و مقاصد اور ایجنڈا پیش کیا۔ بعد میں باضابطہ طور پر حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ مہتمم جامعہ نے سب سے پہلے شہدائے لال مسجد اور دارالعلوم حقانیہ کے قدیم فضلاء اور سفراء کی وفیات پر فاتحہ خوانی کی اور ان کے لئے خصوصی دعائے مغفرت کرائی گئی۔ اس کے بعد آپ نے سال ۲۸-۱۴۲۷ھ کے آمد وخرچ کا تفصیلی میزانیہ پیش کرتے ہوئے جامعہ حقانیہ کے ملکی' ملی ودینی خدمات پر سیر حاصل روشنی ڈالی اور ادارہ ہذا کی قبولیت عامہ' روز افزوں ترقی کو اللہ کا خصوصی انعام اور جامعہ کے بانی اور اس کے مخلص ساتھیوں اور معاونین کا عظیم کارنامہ قرار دیا۔

سال گزشتہ کے آمد اور اخراجات کے بعد سال ۱۴۲۸ھ کیلئے مطلوبہ بجٹ جو کہ سال کے لازمی اور روزمرہ کے اخراجات پر مشتمل تھا' شوریٰ کے سامنے پیش فرمایا۔ اس کے علاوہ ادارہ کے بعض اہم ترین اور فوری نوعیت کے عزائم ومنصوبے مثلاً وسیع وعریض جامع مسجد کی ضرورت' جدید ڈسپنسری کا قیام' ایک عدد ایمبولینس کی خریداری' جدید سہولیات سے آراستہ نئے کتب خانے کے لئے عمارت' اساتذہ وعملہ کے مشاہرات میں اضافہ' نئے کمپیوٹرز کے حصول' اساتذہ ودیگر ملازمین کے رہائشی مکانات کی تعمیر کی طرف اراکین شوریٰ کو متوجہ فرمایا۔ اراکین شوریٰ نے دارالعلوم حقانیہ کے کارہائے نمایاں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے اپنے بہترین آراء وتجاویز سے ادارہ کے منتظمین کو نوازا۔ اس عزم کا اظہار فرمایا کہ حقانیہ کے مزید ترقی واستحکام کے لئے ہم ایک بار پھر حضرت شیخ الحدیثؒ کے مخلص رفقاء کا کردار ادا کرنے کی کوشش کریں گے۔ شوریٰ نے سالانہ بجٹ کے منظوری کے ساتھ آئندہ عزائم کے ابتدائی اخراجات کے طور پر منظوری توکلاً علی اللہ بامید آمد اس یقین کے ساتھ دی کہ اللہ تعالیٰ اہل خیر کے ذریعہ اس کے مہیا کرنے کی صورتیں پیدا فرماویں گے۔ بعد میں مہمانوں کی ضیافت کے لئے دارالحدیث میں ظہرانے کا انتظام کیا گیا۔

دارالعلوم کی تعلیمی کمیٹی کا خصوصی اجلاس: ۱۴/ جولائی کو دارالعلوم کے عظیم الشان کتب خانے میں مہتمم حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ کی صدرت میں اعلیٰ سطحی اساتذہ کرام اور انتظامیہ کا مشترکہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں